© rasailojaraid.com



# تعزیتی تاثرات

## فضیلت مآب مولانا عارف جامعہ محمدی حفظہ اللہ تعالیٰ آف کویت

آج فقیر مخدومنا حضرۃ مولانا محمد اسحٰق بھٹی علیہ الرحمہ کے گھر حاضر ہوا۔ عزیزم حافظ حسان حفظہ اللہ نے کچھ لکھنے کا حکم دیا۔ مگر میری حالت اس وقت لکھنے سے قاصر ہے۔ حضرت بھٹی صاحب رحمۃ اللہ کے بارے کیا لکھوں وہ ایک عظیم شخصیت تھے اس وقت بلا مبالغہ برصغیر پاک و ہند میں ان کے فن میں ان کا ثانی نظر نہیں آتا۔

میرے لئے وہ والد کا درجہ رکھتے آج میں ان کی سرپرستی اور دعاؤں سے محروم ہوگیا ہوں اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ رب ذوالجلال حضرت کی کاوشوں کو قبول فرما کر اعلیٰ علیین میں انہیں جگہ عطا فرمائے۔ آمین ثم آمین۔

اور پسماندگان کو اور متعلقین کو صبر جمیل عطا فرما کر ان کے مشن کو زندہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین۔

فقیر الی اللہ

عارف جاوید محمدی

2-1-2016 بروز ہفتہ

☆☆☆

حضرت مولانا محمد اسحاق بھٹی بڑے نفیس و خلیق انسان، ممتاز عالم دین اور نامور مذہبی سکالر تھے۔ انہوں نے اپنی پوری زندگی قلم و قرطاس سے رشتہ قائم رکھا۔ ان کے اٹھ جانے سے دوستوں کا حلقہ سونا نظر آتا ہے۔ اللہ پاک ان کے درجات بلند فرمائے۔ اور ان کی حسنات کو شرف قبولیت سے نوازے۔ آمین

دعا گو!

بشیر انصاری

مدیر اعلیٰ ہفت روزہ اہل حدیث

30 دسمبر 2015ء

☆☆☆☆



© rasailojaraid.com